رول نمبر: _____

دستخط امیدوار: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ (سمسٹر 2)** پرچہ: **پہلا** مضمون: **تاریخ الأدب العربي**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقنش/مقنشہ: _____

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: لوگوں کو اپنا ہم خیال بنانے کا ایک کارگر حربہ ۔۔۔ ہے۔

(الف) فن شاعری (ب) تصنیف (ج) فن خطابت (د) نثر

سوال نمبر 2: اونچی جگہ کھڑے ہو کر خطبہ دینے کی ابتدا کس نے کی؟

(الف) قس بن ساعدہ الایادی (ب) امرء القیس (ج) عمر بن معدیکرب (د) پروفیسر نولڈ کی

سوال نمبر 3: "جھرۃ اشعار العرب" میں 49 قصیدے ۔۔۔ نے جمع کیے۔

(الف) حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ (ب) ابوزید قرشی (ج) عمر بن کلثوم (د) لبید بن ربیعہ

سوال نمبر 4: کوئی بھی زبان ہو اس میں ۔۔۔ پہلے وجود میں آتی ہے۔

(الف) شاعری (ب) نثر (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: زمانہ کے لحاظ سے شعراء کے ۔۔۔ طبقے ہیں۔

(الف) 6 (ب) 14 (ج) 4 (د) 3

سوال نمبر 6: مکی سورتیں ۔۔۔ ہیں۔

(الف) 35 (ب) دو تہائی (ج) 55 (د) نصف

سوال نمبر 7: طرفہ بن العبد کو بحرین کے گورنر نے ۔۔۔ سال کی عمر میں قتل کیا۔

(الف) 42 (ب) 64 (ج) 33 (د) 25

سوال نمبر 8: لبید بن ربیعہ نے ۔۔۔ میں پرورش پائی۔

(الف) عمان (ب) جنگل (ج) جنگی ماحول (د) ساحلی علاقہ

سوال نمبر 9: ابن العربی نے کس کے بارے میں کہا کہ اس کی سخاوت اس کی شاعری کے مشابہ ہے؟

(الف) حضرت عثمان غنی (ب) حاتم طائی (ج) ابو حفص (د) ولید بن مغیرہ

سوال نمبر 10: عربی زبان کی سب پہلی مرتب ومدون کتاب کونسی ہے؟

(الف) سبع معلقات (ب) صحیح بخاری (ج) قرآن پاک (د) المؤجز فی قواعد اللغۃ العربیۃ

سوال نمبر 11: قرآن پاک کا سبب اعجاز ۔۔۔ ہے۔

(الف) مختلف فیہ مسئلہ (ب) موزونیت (ج) سجع (د) آیات کی ترتیب

سوال نمبر 12: عرب فطرتاً تمام ۔۔۔ اقوام سے زیادہ شاعری کی قابلیت رکھتے تھے۔

(الف) عالمی (ب) سامی (ج) ایشیائی (د) غیر ملکی

سوال نمبر13: اسلام سے پہلے عربوں کی زندگی۔۔۔سادگی میں ڈوبی ہوئی تھی۔

(الف) مکمل (ب) کیسی (ج) بدویانہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: عرب کے ہر قبیلے میں ایک۔۔۔نام تھا۔

(الف) عام (ب) خاص (ج) سماتی (د) عرفی

سوال نمبر15: اسلام سے پہلے بھی ادب میں فن کے۔۔۔نمونے تھے۔

(الف) اچھے (ب) برے (ج) چند (د) کافی

سوال نمبر16: پہلا اسلامی شاعر کون ہے؟

(الف) مولانا روم (ب) میاں محمد بخش (ج) امرء القیس (د) حسان بن ثابت

سوال نمبر17: جمال۔۔۔کا نصب العین ہے۔

(الف) خوبصورتی (ب) بناوٹ (ج) آرٹ (د) تعمیر

سوال نمبر18: قوموں کی بقااور۔۔۔میں تاریخ ادب کا بڑا ہاتھ ہے۔

(الف) حیات (ب) ممات (ج) ترقی (د) تنزلی

سوال نمبر19: قرآن پاک کی عربی کس قبیلے کی عربی ہے؟

(الف) قریش (ب) بنو تمیم (ج) بنوامیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: شاعری کی۔۔۔۔قسمیں ہیں۔

(الف) 5 (ب) 9 (ج) 3 (د) 2

سوال نمبر21: قوموں کی ادبی تاریخ ان کی۔۔۔اور۔۔۔تاریخ سے وابستہ ہے۔

(الف) اپنی اور پرائی (ب) اچھی اور بری (ج) سیاسی اور اجتماعی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: اس کتاب کو۔۔۔زمانوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(الف) 9 (ب) 18 (ج) 2 (د) 5

سوال نمبر23: محمد علی پاشا کے مصر پر حاکم بننے سے۔۔۔کی ابتدا ہوئی۔

(الف) دور حاضر (ب) جنگ (ج) تحریر (د) فارسی

سوال نمبر24: عربوں کا اجتماعی نظام۔۔۔تک محدود تھا۔

(الف) درہموں (ب) دیناروں (ج) قبائل (د) حرافات

سوال نمبر25: عربی زبان۔۔۔زبانوں میں سے ایک ہے۔

(الف) سامی (ب) ایرانی (ج) تورانی (د) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: شعر کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 2: زمانہ جاہلیت کی شاعری کی کوئی سی تین خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: سبع معلقات مین کن کن شعراء کے لکھے ہوئے قصیدے شامل تھے؟ فقط نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: زمانے کے لحاظ سے شعراء کے کتنے طبقے ہیں؟ نام بھی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: مدنی سورتوں کا موضوع کیا ہے؟

سوال نمبر 6: جزیرہ عرب کون سی دو تہذیبوں کے درمیان واقع ہے؟

سوال نمبر 7: ابتدائے اسلام کے وقت کی خطابت کی خصوصیات میں سے کوئی تین تحریر فرمایئے۔

سوال نمبر 8: ادب اسلامی کے دو سرچشمے کون سے ہیں؟

سوال نمبر 9: قرآن پاک کا عربی ادب پر کیا اثر ہوا؟

سوال نمبر 10: مدنی سورتوں کی کیا خصوصیات ہیں؟ کوئی تین خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: لبید بن ربیعہ نے اپنے معلقہ کی ابتدا کس چیز کے ذکر سے کی؟

سوال نمبر 12: عمرو بن کلثوم کیسے شاعر تھے؟

سوال نمبر 13: زمانہ جاہلیت کے کوئی سے دو شعراء کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: اسلامی شعراء میں سے کسی دو کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: طبقات شعراء کتنے ہیں؟

سوال نمبر 16: حدیث کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 17: حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی پیدائش و وفات کب ہوئی؟

سوال نمبر 18: شامی شاعری کی کوئی سی تین خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: قرآن مجید کے معجزہ ہونے کا سبب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: شاعری کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: محضرمین شعراء میں سے کسی ایک کے حالات زندگی اور شاعری میں مقام زینت قرطاس کیجئے، نیز شام کی شاعری کی خصوصیات پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: قرآن مجید کی تدوین کیسے ہوئی؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: مصنف نے شاعری کو مضامین کے اعتبار سے 4 حصوں میں تقسیم کیا ہے، آپ کسی دو کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: تدوین حدیث پر مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: عربی ادب میں نثر کے ارتقا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

رول نمبر: _____

دستخط امیدوار: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ (سمسٹر 2)** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقنش/مقنشہ: _____

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: اگر کنویں میں خون اور شراب مل جائے تو کتنا پانی نکالا جائے گا؟

(الف) پورا پانی (ب) آدھا پانی (ج) 50 ڈول (د) 30 ڈول

سوال نمبر 2: اعتکاف کیا ہے؟

(الف) سنت (ب) مستحب (ج) فرض (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: کون سا حج افضل ہے؟

(الف) حج تمتع (ب) حج قران (ج) حج افراد (د) تینوں

سوال نمبر 4: مردار کے بال اور ہڈی ہے۔

(الف) ناپاک (ب) پاک (ج) حرام (د) مکروہ

سوال نمبر 5: ماء جاری میں نجاست گر جائے تو کیا حکم ہے؟

(الف) جائز (ب) ناپاک (ج) مکروہ (د) مباح

سوال نمبر 6: اگر کنویں میں چوہا گر جائے تو کتنے ڈول نکالے جائیں گے؟

(الف) 40 ڈول (ب) 80 ڈول (ج) 60 ڈول (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: اگر کنویں میں بکری گر جائے تو کتنے ڈول نکالے جائیں گے؟

(الف) 40 ڈول (ب) 80 ڈول (ج) 60 ڈول (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: حج تمتع کس کے نزدیک افضل ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) امام شافعی (ج) امام مالک (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: حج آزاد اور بالغ مسلمان پر زندگی میں ایک بار۔۔۔ ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) سنت (د) فرض

سوال نمبر 10: جمعہ کے دن غسل ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) سنت (د) فرض

سوال نمبر 11: غسل فرض ہونے کے کتنے اسباب ذکر کیے گئے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: کس پانی سے نجاست زائل ہوتی ہے؟

(الف) بارش (ب) وادیوں (ج) دریاؤں (د) ان سب سے

سوال نمبر13: وضوء کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) سنت (د) فرض

سوال نمبر14: کیا خون ظاہر ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

(الف) نہیں (ب) ہاں (ج) مکروہ تحریمی ہو جاتا ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: صلوۃ کسوف کس کو کہتے ہیں؟

(الف) سورج گرہن (ب) چاند گرہن (ج) کوئی نہیں (د) دونوں

سوال نمبر16: کس کے نزدیک نماز استسقاء میں جماعت سنت نہیں ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) امام شافعی (ج) صاحبین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: غسل میں وضو کرنا ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) سنت (د) فرض

سوال نمبر18: حیض سے لازم ہوتا ہے۔

(الف) غسل (ب) وضو (ج) تیمّم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: وضو میں کتنے اعضاء کا دھونا فرض ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر20: کچا چمڑا جس کو دباغت دی گئی ہو وہ ہے۔

(الف) پاک (ب) ناپاک (ج) مکروہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: پانی کے کتنے اوصاف ہیں؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 3 (د) 5

سوال نمبر22: عید کے دن غسل کرنا ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) سنت (د) فرض

سوال نمبر23: تیمّم میں نیت ہے۔

(الف) جائز (ب) واجب (ج) سنت (د) فرض

سوال نمبر24: مذی اور ودی کے نکلنے سے کیا لازم ہوتا ہے؟

(الف) وضو (ب) غسل (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: عیدین کی کتنی تکبیرات ہیں؟

(الف) 7 (ب) 6 (ج) 9 (د) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات(Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔(15x3=45)

سوال نمبر 1: زکوۃ کی کون کونسی شرائط ہیں؟

سوال نمبر 2: اوقات مکروہات کون کونسے ہیں؟

سوال نمبر 3: نماز میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھنے پر ایک وعید حدیث کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: سجدہ تلاوت کتنے ہیں؟ مع اختلاف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: زکوۃ کس پر واجب ہے اور اسکا نصاب کیا ہے؟

سوال نمبر 6: اونٹ میں کب زکوۃ واجب ہے؟

سوال نمبر 7: معتکف پر کون کونسی چیزیں حرام ہیں؟

سوال نمبر 8: کس کے نزدیک حج قران افضل ہے؟

سوال نمبر 9: حج تمتع کس کے نزدیک افضل ہے؟

سوال نمبر 10: فجر کا اول وقت کیا ہے اور کس وقت میں نماز ادا کرنا افضل ہے؟

سوال نمبر 11: حیض کی کم سے کم مدت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: موزوں پر کتنا مسح کرنا فرض ہے؟

سوال نمبر 13: موزوں پر مسح کی مدت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: کنویں میں چوہا، بلی، اور بکری گر جائے تو کتنے ڈول نکالے جائے گے؟

سوال نمبر 15: تناقص وضوء کے کوئی سے 4 اسباب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: شرعی شہید سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 17: مسافر مقیم امام کے پیچھے کتنی رکعات پڑھے گا؟

سوال نمبر 18: کن کن جانوروں کا جھوٹا ناپاک ہے؟ کوئی سے تین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: نمازی کو سمت قبلہ میں شک ہو تو کیا کرے؟

سوال نمبر 20: تیمّم اور وضوء میں نیت کا شرعی حکم تحریر کیجئے۔

طویل سوالات(Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)

سوال نمبر 1: حج کی کون کونسی قسمیں ہیں؟ مع اختلاف تفصیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: نماز کسوف اور نماز خوف کا طریقہ مع اختلاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: نماز عید کا مکمل طریقہ تحریر کیجئے نیز عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دو مستحبات میں واضح تفاوت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: قرآنی آیات کی روشنی میں وضوء کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: درج ذیل کے جھوٹے کا حکم تحریر کیجئے۔

جن جانوروں کا گوشت کا کھایا جاتا ہے ان کا جھوٹا کتے کا جھوٹا بلی کا جھوٹا گدھے کا جھوٹا

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: کون سی چیز اللہ تعالیٰ کے لیے ممکن نہیں ہے؟

(الف) تکبر (ب) رزق دینا (ج) علم (د) وحشت

سوال نمبر 2: اللہ تعالیٰ کی صفات ذاتی کتنی ہیں؟

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

سوال نمبر 3: نبی اور رسول میں کتنی طرح کا فرق ہے؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر 4: حضور اکرم (ﷺ) نے معراج کی رات اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا۔

(الف) خواب میں (ب) دل کی آنکھوں سے (ج) سر کی آنکھوں سے (د) تینوں

سوال نمبر 5: قران پاک کی مشہور قراءتیں کتنی ہیں؟

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 8

سوال نمبر 6: لفظ کجی کا معنی ہے۔

(الف) پھر جانا (ب) ٹیڑھا پن (ج) بدل جانا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: فرشتوں کی جنس ہے۔

(الف) مرد (ب) عورت (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر 8: حضرت جبریل علیہ السلام نے حضور اکرم (ﷺ) کی بارگاہ میں کتنی بار حاضری دی؟

(الف) 22 ہزار (ب) 23 ہزار (ج) 24 ہزار (د) 25 ہزار

سوال نمبر 9: حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے پیدا کیا؟

(الف) آگ (ب) پانی (ج) مٹی (د) ہوا

سوال نمبر 10: ابوالبشر کہتے ہیں۔

(الف) حضرت آدم علیہ السلام کو (ب) حضرت یونس علیہ السلام کو (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام کو (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو

سوال نمبر 11: موت کا معنی ہے۔

(الف) روح کا مر جانا (ب) روح کا جسم سے جدا ہونا (ج) روح و جسم دونوں کا مرنا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: قیامت کی نشانیوں میں سے ایک مرد کے لیے کتنی عورتیں ہونگی؟

(الف) 45 (ب) 50 (ج) 60 (د) 70

سوال نمبر13: حشر کس پر ہوگا؟

(الف) روح و جسم دونوں پر (ب) صرف روح پر (ج) صرف جسم پر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: قرآن پاک کی وہ کونسی سورت ہے جس میں اللہ پاک کی اولاد کا انکار کیا گیا ہے؟

(الف) الکوثر (ب) النصر (ج) الاخلاص (د) الناس

سوال نمبر15: اللہ پاک کی ذات ہے۔

(الف) حی (ب) قدیم (ج) ازلی، ابدی (د) تینوں

سوال نمبر16: ہر ممکن پر قادر ہے۔

(الف) اللہ پاک (ب) فرشتے (ج) جنات (د) تینوں

سوال نمبر17: تقدیر کا انکار کرنے والے کو نبی پاک نے اس امت کا قرار دیا ہے۔

(الف) منافق (ب) مجوسی (ج) کافر (د) عیسائی

سوال نمبر18: قوم لوط پر عذاب لے کر آئے تھے

(الف) فرشتے (ب) جن (ج) شیاطین (د) تینوں

سوال نمبر19: ابراہیم کا لفظی مطلب ہے۔

(الف) اسماعیل کا باپ (ب) اسحاق کا باپ (ج) مہربان باپ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: کون سے نبی علیہ السلام کے مزاج میں تیزی تھی؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت یحییٰ علیہ السلام (ج) حضرت نوح علیہ السلام (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: حضرت نوح علیہ السلام نے تبلیغ کی۔

(الف) 900 سال (ب) 930 سال (ج) 950 سال (د) 980 سال

سوال نمبر22: عصا کا سانپ بن جانا معجزہ ہے۔

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا (ب) حضرت یحییٰ علیہ السلام کا (ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا (د) حضرت نوح علیہ السلام کا

سوال نمبر23: حواس خمسہ ہیں۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر24: وہ کون سی ذات ہے جس نے کلام الہیٰ کو بلا واسطہ سنا؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت یونس علیہ السلام (د) حضرت یوسف علیہ السلام

سوال نمبر25: قیامت کے دن مرتبہ شفاعت کبریٰ ملے گا۔

(الف) حضرت نوح کو (ب) حضرت محمد ﷺ کو (ج) حضرت یوسف کو (د) ان میں سے کوئی نہیں

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ (سمسٹر 2)** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **العقائد الاسلامیۃ**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: حشر کا انکار کرنیولا کیسا ہے اور حشر کس پر قائم ہوگا؟

سوال نمبر 2: **لواء الحمد** کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: کیا نبی کا معصوم ہونا لازمی ہے؟

سوال نمبر 4: نبی کسے کہتے ہیں اور نبی اور رسول میں فرق بیان کیجئے؟

سوال نمبر 5: اللہ تعالی کی صفات ذاتیہ کون کونسی ہیں؟

سوال نمبر 6: قرآن پاک میں کتنے انبیاء کا ذکر آیا ہے؟ کسی تین کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: تناسخ اور آواگون کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: **ما کنت تقول فی ھذا الرجل** کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: تناسخ اور آواگون کا ماننا کیا ہے؟

سوال نمبر 10: جو اللہ عزوجل کی ذات و صفات میں شک کرے وہ کون ہے؟

سوال نمبر 11: انبیا کی کل تعداد کتنی ہے؟

سوال نمبر 12: سب سے پہلے رسول کون ہے؟

سوال نمبر 13: کیا اللہ تعالی نے احکام تشریعیہ حضور کے سپرد فرمائے ہیں؟

سوال نمبر 14: کیا دیگر انبیا کی طرح حضور بھی کسی خاص قوم کی طرف مبعوث ہوئے؟

سوال نمبر 15: معراج کیا ہے؟

سوال نمبر 16: کیا ایمان کے لیے حضور کی محبت ضروری ہے؟

سوال نمبر 17: اللہ تعالی نے کونسے چار انبیا پر چار کتابیں نازل فرمائیں؟

سوال نمبر 18: سابقہ کتب سماوی کے بارے ہمارا کیا اعتقاد ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 19: نبی کے لیے لفظ عاشق بولنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 20: قرآن عظیم کی کتنی قراءتیں مشہور ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: اللہ پاک جہت و جسمانیت سے پاک ہے۔ اس پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: نبی اور رسول میں فرق کیا ہے نیز سب سے پہلے رسول کون ہیں؟

سوال نمبر 3: اللہ پاک کی تمام مخلوقات میں سے افضل کون ہے؟ فیضان فرض علوم کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: حضور پاک علیہ السلام کو شفاعت کبری کا منصب دیا گیا، اس سے مراد کیا ہے؟

سوال نمبر 5: معجزہ کسے کہتے ہیں؟

حصہ اول: معروضی

کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)

سوال نمبر1: ثلاثی مجرد کے ابواب ہیں۔

(الف)1 (ب)2 (ج)7 (د)8

سوال نمبر2: **قدنصر**، صیغہ ہے۔

(الف)ماضی قریب (ب)ماضی بعید (ج)مضارع (د)امر

سوال نمبر3: **اکرام** صیغہ ہے۔

(الف)ماضی (ب)مضارع (ج)مصدر (د)جامد

سوال نمبر4: ہر بامعنی لفظ کو کہا جاتا ہے۔

(الف)فعل (ب)حرف (ج)کلمہ (د)اسم

سوال نمبر5: وہ کلمہ جو دوسرے کلمے سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اس کو۔۔۔کہتے ہیں۔۔

(الف)اسم (ب)فعل (ج)حرف (د)مضارع

سوال نمبر6: زید۔۔۔ہے۔

(الف)مصدر (ب)مشتق (ج)جامد (د)حال

سوال نمبر7: وہ کلمہ جس کے عین کلمہ میں حرف علت ہو وہ۔۔۔ہے۔

(الف)ناقص (ب)مثال (ج)اجوف (د)لفیف

سوال نمبر8: زمانے کے اعتبار سے فعل کی اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر9: ماضی مفتوح العین اور مضارع مکسوالعین، یہ۔۔۔کی علامت ہے۔

(الف)**ضرب یضرب** (ب)**نصر ینصر** (ج)**فتح یفتح** (د)**کرم یکرم**

سوال نمبر10: فعل ماضی کی اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)4 (ج)6 (د)8

سوال نمبر11: وہ فعل جو کسی کام کے مسلسل ہونے پر دلالت کرے وہ۔۔۔ہے۔

(الف)ماضی بعید (ب)ماضی استمراری (ج)ماضی قریب (د)ماضی احتمالی

سوال نمبر12: الف، تا، یا، اور نون یہ۔۔۔کی علامات ہیں۔

(الف)فعل ماضی (ب)فعل امر (ج)فعل حال (د)فعل مضارع

سوال نمبر13: لم فعل مضارع پر داخل ہو کر کونسے دو طرح کا عمل کرتا ہے؟

(الف) لفظی (ب) معنوی (ج) لفظی و معنوی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: فعل امر کی اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر15: فعل سے کل کتنے اسما مشتق ہوتے ہیں؟

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر16: فاعل کا صیغہ آتا ہے۔

(الف) مرتبے کے لیے (ب) عدد کے لیے (ج) نسبت کے لیے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: منصور، صیغہ ہے۔

(الف) فاعل (ب) مضارع (ج) ماضی (د) مفعول

سوال نمبر18: اسم تفضیل کی اقسام کتنی ہیں؟

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر19: وہ مصادر جن کا کوئی وزن مقرر ہو اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) قیاسی (ب) سماعی (ج) میمی (د) ثلاثی

سوال نمبر20: کسی کلمے کو اس کے بعض صیغوں کی طرف پھیرنے کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) صغیر (ب) کبیر (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: ان میں سے ہمزہ قطعیہ کی اقسام ہیں۔

(الف) قطعیہ واصلیہ (ب) اصلیہ وزائدہ (ج) قطعیہ واصلیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: افعل ہے۔

(الف) اسم تفضیل (ب) اعلام (ج) جمع (د) مصدر

سوال نمبر23: وہ ہمزہ زائدہ جو وصل کلام میں گر جائے اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) ہمزہ وصلیہ (ب) ہمزہ قطعیہ (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: رباعی مجرد کے ابواب ہیں۔

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

سوال نمبر25: ملحق بر باعی مجرد کے ابواب ہیں۔

(الف) 6 (ب) 7 (ج) 8 (د) 9

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات(Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔(15x3=45)

سوال نمبر 1: علم صرف کا موضوع بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: شش اقسام کتنی اور کون کونسی ہیں؟

سوال نمبر 3: جامد کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: لفیف کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 6: فعل مجہول کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: مطرد ابواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: فعل ماضی مطلق بنانے کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: **نفعل** صیغہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: فعل مضارع کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: نفی جحد بلم کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: لم کا لفظی عمل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: جوازم مضارع تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: نواصب مضارع کا معنوی عمل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: نون تاکید کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: اسم آلہ وسطی بنانے کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: فعل تعجب کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: مصدر کی اقسام کتنی اور کون کونسی ہیں؟

سوال نمبر 19: ہمزہ اصلیہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: **لاتفعلا** صیغہ بیان کیجئے۔

طویل سوالات(Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)

سوال نمبر 1: مشتق ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کی اقسام کی تعریفات مع امثلہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: مفعول بہ کی ضرورت ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کی اقسام مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: فعل نفی جحد بلم معروف کی گردان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: نواصب مضارع کا لفظی و معنوی عمل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: تعریفات تحریر کیجئے۔

(الف) صفت مشبہ (ب) مصدر میمی (ج) لفیف (د) اسم ظرف (ہ) اسم مفعول

حصہ اول: معروضی
کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)

سوال نمبر 1: جو افعال یہ ظاہر کریں کہ خبر کی ابتدا ہو چکی ہے اسے کہتے ہیں۔

(الف) افعال رجا (ب) فعل تعجب (ج) افعال شروع (د) افعال مدح

سوال نمبر 2: جس ذات میں زیادتی کے معنی ہوں اسے کہتے ہیں۔

(الف) مفضل (ب) مفضل علیہ (ج) تفضیل (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 3: افعال مدح کتنے ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 4: صفت مشبہ کتنے ہیں؟

(الف) 6 (ب) 4 (ج) 3 (د) 8

سوال نمبر 5: اسم منصوب وقع علیہ فعل الفاعل، یہ تعریف ہے۔

(الف) مفعول فیہ (ب) مفعول معہ (ج) مفعول بہ (د) مفعول لہ

سوال نمبر 6: نکرہ معرفہ کب بنتا ہے؟

(الف) معرفہ نکرہ کی طرف مضاف ہو (ب) نکرہ نکرہ کی طرف مضاف ہو

(ج) نکرہ معرفہ کی طرف مضاف ہو (د) الف اور ب

سوال نمبر 7: ھذا اسم اشارہ ہے۔

(الف) بعید کا (ب) قریب کا (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: "کل جملۃ تترکب من فعل و فاعل" یہ تعریف ہے۔

(الف) جملہ فعلیہ (ب) جملہ اسمیہ (ج) جملہ خبریہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: افعال مقاربہ کتنے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 2

سوال نمبر 10: افعال قلوب کی تعداد کتنی ہے؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 5 (د) 7

سوال نمبر 11: کن کا اعراب ایک جیسا ہوتا ہے؟

(الف) مبتداء اور خبر (ب) موصوف اور صفت (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: اسم مفعول تذکیر و تانیث میں۔۔۔کے مطابق آتا ہے۔

(الف) فعل (ب) فاعل (ج) نائب الفاعل (د) اسم

سوال نمبر13: اعراب کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 2

سوال نمبر14: فعل امر کتنے طریقوں سے مبنی ہوتا ہے؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 3 (د) الف اور ب

سوال نمبر15: اسم تفضیل کا استعمال کتنے طریقوں سے ہوتا ہے؟

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

سوال نمبر16: اداۃ شرط کتنے ہیں؟

(الف) 8 (ب) 7 (ج) 9 (د) 5

سوال نمبر17: اسم مفعول کی طرح عمل کرتا ہے۔

(الف) فعل معروف (ب) فعل مجہول (ج) فعل امر (د) فعل نہی

سوال نمبر18: جو اسم کسی خاص چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو اسے کہتے ہیں۔

(الف) نکرہ (ب) نکرہ مخصوصہ (ج) معرفہ (د) علم

سوال نمبر19: جو اسم مشتق مبالغہ پر دلالت کرے اسے کہتے ہیں۔

(الف) اسم معرب (ب) اسم اشارہ (ج) اسم اضافت (د) اسم مبالغہ

سوال نمبر20: مصدر کتنے طریقوں سے آتا ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 1 (د) 4

سوال نمبر21: اعراب کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 3 (ب) 1 (ج) 2 (د) 4

سوال نمبر22: جو اسمِ فعل، فعل کے صیغے سے پھیر کر بنایا گیا ہو اسے کہتے ہیں۔

(الف) معدول (ب) معزول (ج) مؤول (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: اسم کی تقسیم ہوتی ہے۔

(الف) چار طرح سے (ب) تین طرح سے (ج) دو طرح سے (د) الف اور ب

سوال نمبر24: جمع کی تقسیم ہوتی ہے۔

(الف) دو طرح سے (ب) تین طرح سے (ج) چار طرح سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: جو جمع سلامت رہے اسے کہتے ہیں۔

(الف) جمع سالم (ب) جمع مکسر (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: کلیۃ الشریعۃ (سمسٹر 2) | پرچہ: پانچواں | مضمون: النحو

تاریخ: 17-02-2024 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: جزا کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: مفعول مطلق کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: جوازم مضارع کتنے اور کون کونسے ہیں؟

سوال نمبر 4: 3 حروف رجاء مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: جملہ فعلیہ کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: صفت مشبہ کے عمل کی شرائط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: اَنْ کب کب مقدر ہوتا ہے؟

سوال نمبر 8: ترخیم منادی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 9: محلا منصوب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 10: اسم مرفوع کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 11: مصدر مؤول کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: افعال تعجب کتنے اور کون کونسے ہیں؟

سوال نمبر 13: تحذیر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: جوازم فعل مضارع کتنے اور کون کونسے ہیں؟

سوال نمبر 15: کوئی سے 5 حرف شرط مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: جمع مذکر سالم کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 17: معرفہ اور نکرہ کی تعریف مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: نکرہ معرفہ کب بنتا ہے؟

سوال نمبر 19: اَنْ مخففہ کو عمل دینے کا حکم کیا ہے؟

سوال نمبر 20: اعراب کی اقسام تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: اداۃ شرط کتنے ہیں اور کیا عمل کرتے ہیں اور ان کا فائدہ کیا ہے؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: اسم اور جمع کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ تعریفات مع امثلہ تحریر کیجئے اور ان کا اعراب بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: تنازع کی چار صورتیں مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: کن صورتوں میں جزاء پر فاء لانا واجب ہے؟ مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: الف لام زائدہ کی کون کونسی قسمیں ہیں؟ امثلہ کے ساتھ وضاحت کیجئے۔